المعتمد المستند

تصنیف لطیف:۔

اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمہ

المعتقد المنتقد

سیف اللہ المسلول حضرت علامہ

مصنف: شاہ فضل رسول قادری بدایونی علیہ الرحمہ

مترجم

حضور تاج الشریعہ حضرت علامہ

مفتی محمد اختر رضا خاں قادری دامت برکاتہم العالیہ

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعتقد المنتقد

سیف اللہ المسلول حضرت علامہ شاہ فضل رسول قادری عثمانی بدایونی

المعتمد المستند

امام اہل سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی

مترجم

حضور تاج الشریعہ حضرت علامہ الحاج مفتی محمد اختر رضا خاں قادری برکاتی ازہری بریلوی

مکتبہ برکات المدینہ

جامع مسجد بہار شریعت بہادر آباد کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سلسلہ اشاعت نمبر 11

نام کتاب: المعتقد المنتقد

مصنف: علامہ شاہ فضل رسول قادری بدایونی علیہ الرحمہ

حاشیہ: المعتمد المستند

محشی: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمہ

مترجم: تاج الشریعہ مفتی اختر رضا خان الازہری مدظلہ

تصحیح: مولانا مفتی محمد قاضی شہید عالم مدرس جامعہ نوریہ بریلی

ضخامت: 352

طبع اول: 1428ھ/2007ء

(المجمع الرضوی، بریلی، یوپی)

طبع دوم: 1428ھ/2007ء

تعداد: 1100

— ناشر —

مکتبہ برکات المدینہ

جامع مسجد بہار شریعت بہادر آباد کراچی

فون: 021-4219324

ای میل: barkatulmadina@yahoo.com

اور انہیں میں سے ہے ان کا اپنی ذات میں ستھرا ہونا یعنی برص، جذام، اندھاپن، اور ان کے علاوہ نفرت انگیز عیوب سے پاک ہونا، رہی موسیٰ علیہ السلام کی زبان کی لکنت رسول ہونے سے پہلے تو وہ رسالت ملنے کے وقت ان کی دعاء سے زائل ہوگئی جوانہوں نے اپنے اس قول میں فرمائی، واحلل عقدۃ من لسانی سورۃ طٰہٰ/آیت ۲۷، اور میری زبان کی گرہ کھول دے (کنز الایمان)

رہی ایوب علیہ السلام کی بلاء تو وہ نبوت ملنے کے بعد ہوئی اور شرط [۱۴۸] نبوت سے پہلے سلامتی ہے۔ اور یوں ہی حضرت یعقوب علیہ السلام کی نابینائی یعنی (نبوت کے بعد) نیز یہ کہا گیا کہ آپ کی بصارت زائل نہ ہوئی بلکہ بصارت پر دبیز پردہ تھا اور ایسے ہی حضرت شعیب علیہ السلام۔

اور انہیں امور سے جن کا اعتقاد واجب ہے انبیاء کا مروت [۱۴۹] میں ستھرا ہونا ہے یعنی انسانیت اور حشمت میں نکھرا ہوا ہونا ہے مثلاً وہ راستہ میں نہیں کھاتے۔

اور نسب میں پاکیزگی یعنی باپ، دادا، کی رذالت اور ماؤں [۱۵۰] کی

[۱۴۸] شاید کوئی یہ کہے کہ نفرت انگیز وصف منافی نبوت ہے بقا اور ابتداء دونوں حال میں بلکہ ہر بقاء نبوت ابتداء نبوت ہے جب تک کہ وہ تمام لوگ ایمان نہ لائیں جنکی طرف وہ نبی مبعوث ہوئے لیکن معاملہ بعض اوصاف جیسے نابینائی اور اس جیسے اوصاف کے نفرت انگیز ہونے کا ہے۔۱۲

[۱۴۹] فی المروۃ کا عطف فی الذات پر ہے۔۱۲

[۱۵۰]، بلکہ یہ شرط یعنی بدکاری سے محفوظ ہونا ازدواجی رشتوں میں بھی ہے جیسے کہ میں نے اس کی تصریح دیکھی اور دلیل کہ نفی عار ہے دختروں اور ان کے مثل دوسری عورتوں کو بھی شامل ہے اور یہی واقعہ ہے وللہ الحمد۔۱۲ امام اہل سنت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بدکاری [۱۵۱] کے عیب سے سلامتی، نہ کہ کفر اور اس جیسی باتوں سے سلامتی [۱۵۲] کہ یہ نبی کے لئے شرط نہیں جیسا کہ آزر (ابراہیم علیہ السلام کا باپ) اور اس جیسے دوسرے لوگوں میں۔

اور ان امور سے جنکا اعتقاد واجب ہے نبی کا اپنے زمانے والوں میں ان سب سے جو نبی نہیں ہیں کامل تر ہونا ہے اور جن کی طرف وہ احکام شرع کے ساتھ مبعوث ہوئے خواہ یہ احکام اصلی ہوں یا فرعی ان سب سے زیادہ جاننے والا ہونا ہے اور موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر علیہ السلام سے ان احکام شرع میں سے کچھ نہ سیکھا۔

رہی وہ باتیں جو امور دنیا سے متعلق ہیں ان کو اہل دنیا کے طور پر نہ جاننا اُس

---

[۱۵۱] اقول: لہٰذا انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے نسب میں یہ ممکن نہیں کہ ایسی عورت واقع ہو جس نے بدکاری کی ہو اگرچہ اس کو حمل نہ ٹھہرا ہو اس لئے کہ اس کام کے سبب عار آنا معلوم ہے اگرچہ ولادت نکاح سے ہی ہو۔۱۲

[۱۵۲] یعنی اصول انبیاء میں کفر سے سلامتی شرط نہیں اور امام رازی نے اسرار التاویل میں اور ان کے سوا دیگر محققین نے یہاں تک کہ مولی بحر العلوم نے فواتح الرحموت میں انبیاء علیہم السلام کے قریبی اصول سے لیکر آدم وحواء تک تمام آباء و امہات کے اسلام پر نص فرمائی اور امام جلیل جلال الدین سیوطی نے ہمارے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے حق میں اس دعویٰ کو ثابت کیا اور اس بندہ کا اس بارے میں مستقل رسالہ ہے جس کا نام "شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام" رکھا ہے تو یہی وہ عقیدہ ہے جس کو ہم اللہ کی اطاعت میں پسند کرتے ہیں رہا آزر تو وہ چچا تھا جیسا کہ امام ابن حجر نے شرح ام القری میں اس کی تصریح کی اور دیگر نے دیگر کتابوں میں اور عرب چچا کو باپ کا نام دیتے ہیں: "قالوا نعبد الٰهك و اله اٰبائك ابراهيم و اسمٰعيل و اسحٰق. سورۃ البقرۃ آیت ۱۳۳ ربولے ہم پوجیں گے اسے جو خدا ہے آپ کا اور آپ کے آباء ابراہیم واسماعیل واسحاق کا، (کنز الایمان) اور اسماعیل (جنکو آیت میں آباء میں شمار کیا) یعقوب علیہ السلام کے چچا ہیں۔۱۲امام اہل سنت رضی اللہ تعالٰی عنہ